قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الہدیٰ نیوزلیٹر

مئی تا ستمبر 2018، شعبان تا ذوالحجہ 1439ھ | شمارہ 8

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جوکہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبرواستقامت | خیرخواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حی علی الفلاح

### نماز ایک دسترخوان

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی خاص رحمت اور احسان سے نماز میں اپنے بندوں کے لیے بیش بہا تحائف، عطیات اور بخششیں رکھ دی ہیں۔ دن میں پانچ مرتبہ اس طرف دعوت دے کر گویا اللہ تعالیٰ نے بندوں کو عزت اور اکرام بخشا ہے۔ نماز پڑھنے سے وہ فوائد اور نعمتیں حاصل ہوتی ہیں جو کسی اور چیز سے حاصل نہیں ہوتیں۔

- نماز سے صرف گناہ ہی نہیں دھلتے بلکہ ایسی ایمانی طاقت اور نور حاصل ہوتا ہے جس کے ذریعہ انسان کے لیے برائی چھوڑنا آسان ہوجاتا ہے۔
- نماز برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے اور شخصیت کی تعمیر کرتی ہے۔ انسان اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجاتا ہے۔ سیدنا جندب بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے صبح کی نماز پڑھی تو وہ اللہ کے ذمہ میں ہے''۔
[صحیح مسلم:1439]
- نماز کے ذریعے رزق ملتا ہے، خوف اور غم سے نجات ملتی ہے اور آزمائش دور ہوتی ہے۔ بیماری سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ علامہ ابن قیمؒ فرماتے ہیں: ''اللہ کا ذکر کرنے، اس کی طرف متوجہ ہونے اور نماز کی طرف لپکنے سے کتنے ہی ایسے بیمار ہیں جنہیں شفا دی گئی''۔
- نماز میں حاضر ہونے والے کو عزت بخشی جاتی ہے، ہر قدم پر ثواب ملتا ہے اور درجات بلند ہوتے ہیں۔
- جنت میں مہمانی تیار کی جاتی ہے گویا انسان اس حال میں لوٹتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو سیراب کر دیتا ہے۔ اس سے قبل اس کا دل گویا قحط، بنجرپن، بھوک، پیاس اور بے لباسی کی کیفیت میں تھا۔ نماز کے بعد اللہ تعالیٰ اس کو ایسے تحائف سے غنی کر دیتا ہے جو اس کو بے نیاز کر دیتے ہیں۔ گناہ معاف ہوجاتے ہیں، وہ ہشاش بشاش اور تازہ دم ہوجاتا ہے، فرشتوں کی دعائیں لیے واپس آتا ہے۔

[الصلاۃ من کلام ابن القیم سے ماخوذ]

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ گزشتہ چار ماہ الہدیٰ کے کارکنان، اساتذہ اور طالبات کے لیے مصروف ترین عرصہ رہا۔ رحمتیں اور برکتیں سمیٹنے اور فلاحی کاموں کی انجام دہی، رمضان راشن کی تقسیم، دورہ قرآن کے ایمان افروز اجتماعات کا اہتمام، حج کے تربیتی پروگرامز اور ان سب موضوعات سے متعلق علمی دروس کے انتظامات کا عمل جاری رہا۔ قرآن وسنت پر عمل کر کے دنیا اور آخرت میں کامیابی اور انسانیت کی خدمت کا شعور بیدار کیا گیا۔ الہدیٰ کے مشن کے مطابق ملک کے اندر اور بیرون ملک تمام ریجنز اور برانچز میں سٹاف کے علاوہ دروس سننے والوں اور کمیونٹی کے لوگوں نے جوش وجذبے کے ساتھ نہ صرف قرآن کا پیغام پہنچانے بلکہ فلاح و بہبود کے کاموں میں بھی بھرپور حصہ لیا۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ اور سرادریس کا علمی سفر حسب معمول علم کے موتی بکھیرتا ہوا آگے بڑھ رہا ہے۔ اس مرتبہ کینیڈا کے مختلف مقامات پر نہایت اہم موضوعات پر لیکچرز اور دروس کا سلسلہ جون سے آج تک کامیابی سے جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی کاوشوں کو جو آگے بھیج رہے ہیں اور جو آثار پیچھے چھوڑ رہے ہیں قبول فرمائے آمین۔ ہمیں آپ کی قیمتی آراء کا انتظار رہے گا۔

طاہرہ خان

## اہم خبریں

### • AIS بلڈنگ تکمیل کے مراحل میں

الحمدللہ آپ سب کے بھرپور تعاون اور دعاؤں سے الہدیٰ انٹرنیشنل سکول H-11/4 اسلام آباد کی عمارت تعمیر کے آخری مراحل میں ہے۔ عمارت کی تکمیل کے لیے آپ کے تعاون کی مزید ضرورت ہے۔ 13 اگست 2018 سے نئی بلڈنگ کے ایک حصے میں جونیئر سیکشن کی کلاسز شروع کر دی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس نئی عمارت کو نئی نسل کی تعلیم وتربیت اور کردار سازی کا بہترین ذریعہ بنائے۔ آمین



### • عیدالاضحیٰ اور قربانی

آپ سب کے تعاون سے الہدیٰ نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا۔ اس سال 150 گائے، 132 بکرے اور ایک اونٹ کی قربانی کی گئی۔ الہدیٰ برانچز کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ، کشمیر، سندھ اور بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں مستحق افراد میں گوشت تقسیم کر کے ان کو عید کی خوشیوں میں شریک کیا گیا۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## الھدیٰ کینیڈا کے زیرِ اہتمام

**• حی علی الفلاح کورس**

الھدیٰ کینیڈا میں ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے نماز کے روحانی پہلوؤں کو تفصیلاً اجاگر کرتے ہوئے ''الصلاۃ من کلام ابن القیم'' کتاب پر مبنی کورس کروایا جو 14 جولائی سے 19 اگست تک جاری رہا۔ الھدیٰ سٹاف وطالبات کے علاوہ آن لائن سہولت کی وجہ سے لوگوں کی کثیر تعداد اس کورس سے مستفید ہوئی۔

### حی علی الفلاح کورس کے ساتھ میرا سفر

یہ کورس ذوالحجہ کے پہلے مبارک عشرہ میں ختم ہوا اور میں نے اپنے دل میں اس نیت کو تازہ کیا کہ میرے لیے بھی نماز ویسے ہی آنکھوں کی ٹھنڈک بن جائے جیسے میرے نبی ﷺ کے لیے تھی۔ علامہ ابن قیمؒ نے نماز کے روحانی پہلوؤں پر بہت تفصیل سے بحث کرتے ہوئے نماز کو دسترخوان، زمین کے زرخیز خطوں، پیاسے کی سیرابی اور دیگر مثالوں سے واضح کر کے میری سوچ کو نئی وسعت دی ہے۔ نماز کو میں اب اپنے رب سے ہمکلام ہونے کا موقع سمجھتی ہوں۔ نماز کو اول وقت میں ادا کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ نماز کا ایک ایک عمل میری روحانی بالیدگی میں اضافے کا باعث ہے۔ مجھے اس بات کا پختہ یقین ہو گیا ہے کہ نماز ہی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ میں اپنے شوہر اور والدہ کو بھی یہ کتاب پڑھا رہی ہوں۔ معراج پر ملنے والے اس تحفے کو اب میں حقیقی معنوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہوں۔

(کینیڈا سے ایک طالبہ کے تاثرات)

## تکمیل مفتاح القرآن کورس

الھدیٰ کراچی DHA کیمپس میں مفتاح القرآن کے دسویں بیچ کی تکمیل ہوئی۔ 150 طلباوطالبات نے یہ کورس مکمل کیا جس میں انہیں بنیادی قاعدہ، تیسواں پارہ، مسنون دعائیں واذکار اور نماز کا طریقہ سکھایا گیا۔ فارغ التحصیل طلباوطالبات میں سرٹیفیکیٹ بھی تقسیم کیے گئے۔

## ATEC کے تحت مؤثر ورکشاپس

الھدیٰ ٹریننگ اینڈ ایجوکیشن سینٹر اسلام آباد میں AIS کی اساتذہ اور دیگر ممبران کی قابلیت بڑھانے کے لیے مختلف موضوعات پر 14 ورکشاپس منعقد ہوئیں۔ AIS اسلام آباد، کراچی، پشاور اور فیصل آباد سے بھی سٹاف ممبرز نے شرکت کی۔ ورکشاپس کے اختتام پر شرکاء کو اسناد پیش کی گئیں۔


## فوڈ سٹال

الھدیٰ اسلام آباد میں ہفتہ وار تعلیم القرآن کورس کی طالبات نے فوڈ سٹال کا اہتمام کیا جس میں سٹاف اور طالبات نے اپنے ہاتھ سے تیار کردہ کھانوں اور مشروبات کا انتظام کیا۔ اس سٹال کا بنیادی مقصد انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ یہ راہنمائی فراہم کرنا بھی تھا کہ کس طرح محدود وسائل میں بھی دانش مندانہ طرزِ عمل اپناتے ہوئے صدقہ کیا جا سکتا ہے۔ سٹال سے حاصل ہونے والی تمام تر آمدنی الھدیٰ سکول بلڈنگ فنڈ میں جمع کروا دی گئی۔

## کاروانِ علم ہے رواں دواں

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے کینیڈا میں کئی شہروں کا دورہ کیا اور مفید موضوعات پر لیکچرز دیے جن کی تفصیل درج ذیل ہے

- میسی ساگا (کریڈٹ ویو روڈ): 22 جون ''شادی''
- برلنگٹن (ہالٹن مسجد): 15 جولائی ''سورۃ الحاقۃ''
- کچنر (بلیئر کریک روڈ): 22 جولائی ''سورۃ القلم''
- ملٹن (نور اکیڈمی): 11 اگست ''عشرہ ذوالحجہ''
- میسی ساگا (کنیف کریسنٹ پارٹی): 18 اگست ''شادی''
- ہیلی فیکس (ڈارٹ ماؤتھ): 23 اگست ''شکر گزار کہاں ہیں''
- ہیلی فیکس (امہ مسجد): 24 اگست ''سورۃ الکھف''
- ہیلی فیکس (کرنے لیک): 24 اگست ''نرمی کی اہمیت''
- ہیلی فیکس: 25 اگست ''سونے جاگنے کے آداب''
- نیو برنزوک (نیومین مسجد): 26 اگست ''سورۃ الملک''
- نیو برنزوک (ابوہریرہ مسجد): 27 اگست ''مومن کی حرمت''
- پرنس ایڈورڈ آئی لینڈ (مسجد دارالسلام): 28 اگست ''سورۃ الفاتحۃ''
- اوٹاوا (ابرار مسجد): 31 اگست ''جادو حقیقت اور علاج''
- کارن وال (جامعہ تشریقیہ): 1 ستمبر ''تعارف حبیب ﷺ''
- مونٹریال (Center Canadainne De Jeunesse): 2 ستمبر ''زبان کی حفاظت''
- مونٹریال (اسلامک کمیونٹی سینٹر): 3 ستمبر ''سورۃ الملک''
- اوٹاوا: (ابرار مسجد): 30 اگست ''فقہ القلوب''




## تربیتی ورکشاپس برائے حج

الحمدللہ ادارے کے تحت اس سال بھی حج تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا جن میں مسنون طریقے پر حج کرنے کی راہنمائی کے علاوہ حج سے متعلق الھدیٰ کی مطبوعات تقسیم کی گئیں۔

**ملتان:** ریجنل آفس کے زیرِ اہتمام منعقد کی جانے والی ورکشاپس میں 45 خواتین اور 35 مردوں نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ قلعہ قاسم باغ میں حاجی کیمپ لگوایا گیا جہاں خواتین کو حج سے متعلق مسائل پر راہنمائی دی گئی۔ دوسرے شہروں سے آنے والے حاجیوں کے لیے کھانے کے انتظام کے علاوہ حج میں معاون کتب اور کارڈز تقسیم کیے گئے۔

**اسلام آباد:** الھدیٰ اسلام آباد میں راولپنڈی، جہلم، ایبٹ آباد، سرگودھا، فیصل آباد، گوجر خان، چکوال، حویلیاں، بہاولپور، گجرات اور ہری پور سے 70 سٹاف ممبرز کو ٹریننگ دی گئی تاکہ وہ اپنے علاقوں میں عوام الناس کی راہنمائی کر سکیں۔ اس کے علاوہ ہفتہ وار ورکشاپس کا اہتمام بھی کیا گیا۔

**پشاور:** ریجنل آفس کے تحت ایئر پورٹ پر زائرین حج میں 2000 'حج بیت اللہ' کتابچے اور 1000 'حج راہنمائی کارڈز' تقسیم کیے گئے۔

**سندھ:** کراچی ریجنل آفس کے تحت گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی برانچز، انسٹیٹیوٹ اور حاجی کیمپ میں حج تربیتی ورکشاپس ہوئیں۔ اس سال شکار پور، لاڑکانہ، میرپور خاص، سکھر اور مدیجی میں پہلی بار ورکشاپس کروائی گئیں جہاں شرکاء کی تعداد 350 تک رہی۔ علاقے کے لوگوں نے ان ورکشاپس کو بہت سراہا اور مزید ورکشاپس کی خواہش ظاہر کی۔

الھدیٰ
alhudaonline

### الھدیٰ آن لائن شارٹ کورسز

قرآن وسنت کے پیغام کو عام کرنے کے لیے الھدیٰ آن لائن درجہ ذیل ویک اینڈ کورسز کا اجراء کر رہا ہے:

**انگلش کورسز**

- صحیح البخاری سے منتخب ابواب پر مشتمل دس ماہ کا ہفتہ وار کورس، آغاز: 14 ستمبر، ہر جمعہ کے دن
- قرآن لفظی ترجمہ وفہم (پارہ 11 تا 20) مع حسن اخلاق سے اسباق، آغاز: 15 ستمبر، ہر ہفتہ کے دن
- قرآن جزء 29 ترجمہ وتفسیر، آغاز: 16 ستمبر، ہر ہفتہ کے دن
- سورۃ النساء، آغاز: 15 ستمبر، ہر ہفتہ کے دن
- سورۃ الرحمن، آغاز: 30 ستمبر، ہر ہفتہ کے دن

**اردو کورسز**

- جادو حقیقت اور علاج قرآن وسنت کی روشنی میں، دو روزہ کورس 15-16 ستمبر
- تدبر القرآن، جزء 29، آغاز: 22 ستمبر، ہر ہفتہ اور اتوار
- قرآنی عربی گرامر آغاز: فروری 2019، ہر اتوار کے دن

تفصیلات کے لیے رابطہ کریں:

https://www.alhudaus.com

# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## فراہمی آب

الہدیٰ کے شعبہ خدمتِ خلق کی زیرِ نگرانی ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی کے لیے کنوؤں کی کھدائی کے علاوہ ہینڈ پمپس اور فلٹریشن پلانٹس کا انتظام بھی کیا جاتا ہے۔ گزشتہ چار ماہ میں راولپنڈی اور ملتان کے مختلف علاقوں میں ہینڈ پمپ لگوائے گئے۔

## تھرپارکر (بدین) میں مسجد کی تعمیر

الحمدللہ تھرپارکر میں زیرِ تعمیر مسجد پایہ تکمیل کو پہنچ گئی ہے۔ الہدیٰ کراچی کے زیرِ نگرانی ماہ رمضان میں اس مسجد میں نمازِ تراویح و افطاری کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں لوگوں نے ذوق و شوق سے شرکت کی۔ اندرونِ سندھ میں ایسی مزید کاوشوں کی ضرورت ہے۔



سیدنا عثمان بن عفانؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی اللہ اس کے لیے جنت میں اسی کی مانند (گھر) بنائے گا''۔ [سنن الترمذی: 318]

## رمضان راشن اور افطار پروگرام

الہدیٰ نے گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی ماہ رمضان سے قبل ہی ملک کے طول و عرض میں مستحقین کے لیے رمضان راشن فراہم کیا۔ بنیادی اشیاء پر مبنی تقریباً 9,198 پیکٹ، پنجاب، کشمیر سندھ، خیبر پختون خواہ اور بلوچستان کے علاقوں میں تقسیم کیے گئے۔ راشن مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ کراچی، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، گوجرانولہ، واہ کینٹ، میرپور اور دیگر ریجنز کے تحت افطاری کے انتظامات بھی کیے گئے جن سے لوگوں کی کثیر تعداد نے فائدہ اٹھایا۔



سندھ میں نومسلم افراد کی افطاری

### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 200126818
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739 سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate

## رمضان ٹی وی پروگرامز

رمضان المبارک میں جیو ٹی وی کے چینلز ''جیو تیز''، ''جیو آگ''، ''جیو انٹرٹینمنٹ'' اور جیو کہانی کے ذریعے نشر کیے جانے والے ان پروگرامز میں معروف علمائے کرام اور دیگر دینی شخصیات کے ساتھ ساتھ الہدیٰ کے شعبہ ابلاغ عامہ نے بھی قرآن و حدیث پر مبنی مختلف پروگرامز پیش کیے۔ مقررین میں ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ، ڈاکٹر ادریس زبیر، قاری سلمان، مولانا ابوبکر صدیق، ڈاکٹر سمیع اللہ زبیری، روبی طارق، افشاں خالد، کنول سکندر، دعا فاروق اور ڈاکٹر کنول قیصر شامل تھے۔

## دینی اور سماجی راہنمائی

الہدیٰ گائیڈنس زون کے تحت شعبہ ''آپ نے پوچھا'' قرآن و سنت کی روشنی میں لوگوں کے فقہی سوالوں، نفسیاتی الجھنوں اور ذاتی مسائل سے متعلق بذریعہ ای میل، فون اور ایس ایم ایس راہنمائی فراہم کرتا ہے۔ گزشتہ چار ماہ کے دوران پوری دنیا سے موصول ہونے والی ای میلز کی تعداد اندازاً ایک ہزار تھی۔ عبادات، گھریلو مسائل، شادی، طلاق، تربیت اولاد، سود اور دیگر مسائل سے متعلق اردو اور انگریزی زبان میں موصول ہونے والے سوالات کے تسلی بخش جوابات کے ساتھ ساتھ مزید علم حاصل کرنے کی طرف بھی راہنمائی کی گئی۔

رابطہ برائے ای میل: info@alhudapk.com
فون: 0336-5156128 وقت: دوپہر دو تا تین بجے، پیر تا ہفتہ

# حسد۔۔۔ ایک اخلاقی برائی

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''کیا پھر وہ دوسروں سے اس لیے حسد کرتے ہیں کہ اللہ نے انہیں اپنے فضل سے نواز دیا؟ اگر یہ بات ہے تو پھر انہیں معلوم ہو کہ ہم نے تو ابراہیمؑ کی اولاد کو کتاب اور حکمت اور ملکِ عظیم بخش دیا''۔ [النساء: 54]

قرآن مجید میں حاسد کے شر سے پناہ مانگنے کی دعا سکھائی گئی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب وہ حسد کرنے لگے''۔ (الفلق: 5)

احادیث میں بھی اس قبیح فعل کی ان الفاظ میں مذمت کی گئی ہے:

- سیدنا ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''۔۔۔ آدمی کے دل میں ایمان اور حسد جمع نہیں ہو سکتے''۔ [سنن النّسائی: 3111]
- سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے کہا گیا: ''لوگوں میں کون سب سے افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہر صاف دل والا، زبان کا سچا''۔ لوگوں نے کہا: زبان کے سچے کو تو ہم پہچانتے ہیں لیکن صاف دل کون ہے؟ فرمایا: ''وہ پرہیزگار، پاک صاف جس کے دل میں نہ گناہ ہو، نہ بغاوت ہو، نہ بغض ہو اور نہ حسد ہو''۔ [ابن ماجہ: 4216]
- سیدنا ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''تم حسد سے بچو، کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح سے کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑیوں کو''۔ [سنن أبی داؤد: 4903]


اس لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے نیک اعمال کی حفاظت کریں، دوسروں کو ملنے والی نعمتوں پر کڑھنے کی بجائے خود کو حاصل نعمتوں کو پہچان کر ان پر اپنے رب کا شکر ادا کرتے ہوئے ان کا بہترین استعمال کریں اور دل کو اس گناہ سے آلودہ ہونے سے بچائیں تاکہ اپنی تمام تر توانائیاں مثبت اور تعمیری کاموں میں استعمال کر کے دین اور دنیا میں کامیابی حاصل کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس اخلاق رذیلہ سے بچا کر اپنے شکرگزار بندوں میں شامل فرما لے۔ آمین۔

(صائمہ تنویر)

# سٹوڈنٹ کارنر

## تبصرۂ کتاب

میں الھدیٰ کینیڈا میں واقع بک سٹور پر گئی جہاں ایک غیر معمولی عنوان کے ساتھ ایک چھوٹی سی کتاب نے میری توجہ اپنی جانب مبذول کر لی۔ کتاب کا عنوان ''نانی اماں'' تھا جس کے سرِ ورق پر گھنا سبز درخت اور پس منظر میں نیلا رنگ تھا۔ میں نے کتاب اٹھائی اور پڑھنا شروع کر دیا اور میں بھول گئی کہ میں اس دکان میں کیا لینے آئی ہوں۔




یہ کتاب محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی والدہ ماجدہ رضیہ بیگم کی سوانح عمری پر مبنی ہے۔ وہ ایک انتہائی پر اثر شخصیت تھیں۔ وہ بہترین طریقے سے دن کے معمولات کی تنظیم کرتی تھیں اور وہ کم عمری سے یہ سب چیزیں بہترین طریقے سے چلا رہی تھیں۔ آج کل ہم ایسی مثالیں نہیں ڈھونڈ سکتے۔ صبر، تسلسل، محنت، رحم دلی، شکر گزاری، لوگوں کی مدد کرنا، قربانی، آپ ان کو کچھ بھی نام دیں، عمل چھوٹے ہوں یا بڑے، تمام اوصاف جو ہم اپنے اندر دیکھنا چاہتے ہیں، وہ سب ان میں موجود تھے۔ بہترین کردار کی تشکیل سیکھنا ہو یا دانائی کا وہ مقام جس پر وہ فائز تھیں، حاصل کرنا مقصود ہو تو نانی اماں کی شخصیت اس کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ اگر آپ بحیثیت عورت کسی بھی رشتے میں بندھی ہوں تو آپ کو چاہیے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں۔ آپ اپنے آپ کو اس تناظر میں دیکھ سکتی ہیں۔ اپنے معاملات اور اوران کے معاملات میں فرق تلاش کر سکتی ہیں اور اس کا بہترین نتیجہ اخذ کر سکتی ہیں۔ اس کتاب کو خود بھی پڑھیں اور ان لوگوں سے بھی شیئر کریں جو اردو نہیں پڑھ سکتے۔ نوجوان لڑکیوں کے لیے اس میں ایک بہترین سبق ہے۔ (مائرہ خلیل)

## کتب بینی کی عادت

الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد کی طالبات میں مطالعہ کتب کی عادت کو پیدا کرنے اور اس کی افادیت کو اجاگر کرنے کے لیے تعلیم القرآن-2 کی طالبات کو اپنی پسندیدہ کتاب کا مطالعہ کر کے اگلے روز کلاس میں اس کا خلاصہ سب ساتھیوں کے سامنے بیان کرنے کا کہا گیا۔ طالبات نے بہت شوق اور جذبے کے ساتھ اس سرگرمی میں حصہ لیا۔ اس طرح مختصر وقت میں طالبات اور سٹاف ممبران نے بہت سی کتب سے استفادہ کیا۔

سیدنا ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے ہدایت کی طرف بلایا، اس کے لیے ان تمام لوگوں کے برابر اجر ملے گا جو اس کی پیروی کریں گے اور ان (پیروی کرنے والوں) کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔۔۔''

[صحیح مسلم:6804]

## شجرکاری مہم

الھدیٰ اسلام آباد تعلیم القرآن-4 کی طالبات اور سٹاف ممبرز نے چار روزہ شجرکاری مہم کا اہتمام کیا۔ اس سرگرمی کا مقصد اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں غور و فکر کرنا اور شجرکاری سے متعلق بنیادی علم اور تجربہ حاصل کرنا تھا۔ اس مہم میں سدابہار پودوں کے علاوہ پھلوں کے پودوں کا انتخاب کیا گیا جنہیں بہت خوبصورتی سے اسلام آباد انسٹیٹیوٹ کے صحن میں سجایا گیا۔ سینیئر سٹاف ممبران اور دیگر کورسز کی طالبات نے اس کاوش کو بہت سراہا اور گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

## بلقیس بیگم کی یاد میں۔۔۔

الھدیٰ کراچی گلشن برانچ کی پہلے بیچ کی طالبہ بلقیس بیگم 26 اگست 2018 کو وفات پا گئیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ O انہوں نے استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی زبانی FM ریڈیو سے سورۃ النساء کی تفسیر سننے کے بعد الھدیٰ میں باقاعدہ داخلہ لیا تھا۔ ان کی ایک آنکھ کی بینائی ختم ہو چکی تھی جب کہ دوسری آنکھ سے بھی بہت کم نظر آتا تھا۔ اس کے ساتھ انہیں دیگر جسمانی عوارض بھی لاحق تھے۔ اس سب کے باوجود وہ پابندی سے کلاس میں آتیں اور تمام پاروں کے امتحان دیتی رہیں۔ برانچ میں ہونے والی ہر سرگرمی میں بھرپور حصہ لیتی تھیں۔ 2005 کے زلزلہ زدگان کی مدد کے لیے اپنے ہاتھوں سے بستر بند سلائی کیے۔ برانچ میں پانی کا انتظام کروانا، ٹیلی فون لگوانا، طالبات کے لیے صحن میں سایہ دار جگہ بنوانا اور اسی طرح دیگر کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔ الھدیٰ نارتھ ناظم آباد برانچ کی تعمیر کے لیے اپنے ایک سال کی پینشن جو تقریباً ایک لاکھ روپیہ تھی ہدیہ کر دی۔ انہوں نے سورۃ البقرۃ حفظ کی اور علم کو بڑھانے کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتی تھیں۔ لوگوں کی فلاح و بہبود کے کاموں میں سبقت کرنے والی تھیں۔ ایک بار سیلاب کے باعث مسافروں کو ریلوے سٹیشن پر پریشانی کا سامنا تھا تو پھلوں کی پیٹیاں خود ریلوے سٹیشن لے کر گئیں اور مسافروں میں تقسیم کیں۔ ایک بار ایک بوڑھی بے سہارا خاتون کو جو ایدھی سینٹر کے باہر رو رہی تھیں اپنے گھر لے گئیں اور کچھ مہینے اپنے پاس رکھا۔ اپنے اساتذہ کا بہت احترام کرتیں۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کے دروس میں شوق سے شرکت کرتیں۔ بیماری اور گھریلو پریشانیوں کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ سے بہت اچھا گمان رکھتیں۔ غرض بے حد خوش مزاج اور ہر ایک سے اخلاص سے پیش آنے والی ہماری پیاری بہن بلقیس بیگم کا چہرہ غسل دینے کے بعد پرسکون اور تروتازہ تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کو جنت الفردوس میں داخل فرمائے اور ان کی نیکیوں کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین۔ (روبینہ جبین)

الھدیٰ انٹرنیشنل سکول اسلام آباد کیمپس

الحمدللہ

اللہ تعالیٰ کے فضل اور مخیّر حضرات کے تعاون سے سکول 80 فیصد تعمیر ہو چکا ہے۔ سکول کی مکمل تعمیر کے لیے مزید عطیات درکار ہیں۔ آپ سے گزارش ہے کہ اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ شکریہ



Help Us BUILD the FUTURE

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل سکول
اکاؤنٹ نمبر: (PKR) 0102383446209
بینک کا نام: البرکہ بینک پاکستان لمیٹڈ
برانچ کا نام: F-7 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان
برانچ کوڈ: 0801
سوئفٹ کوڈ: AIINPKKA
آئی بی این: PK62AIIN0000102383446209
www.aispk.org/contribute

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرستِ اعلیٰ ڈاکٹر فرحت ہاشمی  مینیجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر طاہرہ خان  ایسوسی ایٹ ایڈیٹر مریم افضل
ڈیزائنر اینڈ کمپوزر سدرہ زاہد